© rasailojaraid.com


## اخبار اہلحدیث

یہ اخبار دین و دنیا کا مجموعہ ہے اسمیں مذہبی اور اخلاقی مضامین - فتوے اور مخالفین کے اعتراضات کے جوابات اور ایک دو صفحوں پر دنیا بھر کی چیدہ چیدہ خبریں درج ہوتی ہیں۔ قیمت سالانہ ؏ ۱۲ر

## مسلمان

یہ ایک ماہواری رسالہ ہے جس میں خالص اسلامی مضامین اور مخالفین اسلام کو جوابات ہوتے ہیں - سالانہ قیمت ؏

پتہ :- مینیجر مسلمان امرتسر

## مرقع قادیانی

مرزا صاحب قادیانی مدعی مسیحیت کی کی تردید میں یہ رسالہ ۱۷ ماہ تک جاری رہا جلد پر چہاے ۱۷ نمبر قیمت معہ محصولڈاک صرف ؏ قابل دید ہے



## فہرست کتب فروختنی

### چودھوین صدی کا مسیح

مرزا صاحب قادیانی کی سوانح عمری ابتدا ملازمت سے زمانہ مسیحیت تک کے واقعات مفصل بطرز ناول نہایت دلچسپ پیرایہ میں لکھے گئے ہیں صفحات ۵۱۴ - قیمت مجلد ؏ رعایتی ۱۲ر

### الہامات مرزا

اس رسالہ میں مرزا صاحب قادیانی کی پیشگوئیوں کی تردید بڑی شرح و بسط سے کیگئی ہے ایسی کہ باوجود تیسری بار چھپنے کے اور دو ہزار روپیہ جواب کے لئے انعام مقرر ہونے کے آجتک مرزا صاحب یا کسی مرزائی کو جواب دینے کی جرأت نہیں ہوئی - غرض یہ رسالہ قادیانی نبوت توڑنے کو کافی ہے قیمت ۵ رعایتی ۳ر

### مفوات مرزا

مرزا صاحب کے مضامین متناقضہ قیمت ۱ پائی


بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم


جلد (۱) **مسلمان** نمبر (۲)

امرتسر بابت ماہ فروری سنہ ۱۹۰۹ء


## اسلامی خبرین

**حجاج مصر** :- مصر کے امیر الحاج نے جب مکہ مکرمہ مین نزول اجلال فرمایا تو بیشمار مصری حاجیون نے انکا استقبال کیا اور درخواست کی کہ ہمارے سفر مدینہ کی نسبت پر غور فرمایا جائے چنانچہ انتظام کیا گیا کہ پانی وغیرہ ضروریات کی قلت کے لحاظ سے کوئی غیر ان لوگون کے قافلہ مین داخل نہونے پائے اور ان سب لوگون کو نام ایک فہرست مین درج کئے جائین اور چند معتمد ان کی نگہبانی اور زاد راہ کی بہم رسانی اور سواری کے انتظام کیلئے مقرر کئے جائین اور انکی سفارت مین چند اشراف یا خود امیر الحاج کا بھائی یا بیٹا کر دیا جائے یہ عنایات خاص حجاج مصر کے حق کی ہین مردے کیلئے زندگی کی بشارت کہنی نہین

**مکہ معظمہ مین صفائی و صحت**

پیشتر ازین مکہ معظمہ مین حج کے موقعہ پر حاجی لوگ اکثر دیکھتے تھے کہ خلق اللہ کے اژدحام سے صحت و صفائی کی حالت سخت ابتر ہوجاتی تھی گلی کوچون مین جابجا کوڑا کرکٹ پھیلا ہوتا تھا گندگی پائی جاتی تھی کہین کوئی لاش پڑی تھی - کسی جگہ کوئی بیمار مسافر جان بحق ہے مگر امسال اسکے خلاف نہایت اطمینان بخش حالت تھی اور تسلی از حالت تھی گلی کوچے صاف ستھرے تھیں ستھری تھین - باوجودیکہ امسال بہی کثرت سے آئے تھے مگر خلق اللہ کے آرام و آسائش مین کوئی خرابی واقعہ نہین ہوئی حفظ صحت کا انتظام بوجہ گرمی ہے

© rasailojaraid.com